# 06-08-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی زیر قیادت کانگریس کے سرکردہ لیڈرس آج نئی دہلی میں واقع جنتر منتر پر ایک روزہ طویل دھرنا دے رہے ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بی جے پی رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔

۲۔ بی جے پی نے کانگریس پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ کاماریڈی اعلامیہ کو نظر انداز کرتے ہوئے بی سی کوٹہ کے معاملہ میں عوام کو گمراہ کررہی ہے۔

۳۔ تلنگانہ رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھاریٹی نے قواعد کی خلاف ورزی پر دو کمپنیوں پر جرمانہ عائد کیا ہے۔

۴۔ ریاست بھر میں آئندہ پانچ دن کے دوران مختلف مقامات پر اوسط سے شدید بارش کا امکان ہے۔

## PCC - BC QUOTA

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی زیر قیادت کانگریس کے سرکردہ لیڈرس آج نئی دہلی میں واقع جنتر منتر پر ایک روزہ طویل دھرنا دے رہے ہیں۔ ان کا مطالبہ ہے کہ ریاست میں بی سی کوٹہ میں 42 فیصد کرتے ہوئے فوری طور پر بلز منظور کئے جائیں۔ کانگریس لیڈرس نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے خواہش کی کہ 2 بلوں کو منظوری دیں جس سے بی سی طبقات کو تعلیم اور روزگار میں 42 فیصد کوٹہ ملے گا جبکہ ادارہ جاتِ مقامی میں بھی اسی کوٹہ پر عمل کیا جائے گا۔ نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ، تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ، بی سی ویلفیر کے وزیر پونم پربھاکر، وزیر زراعت ناگیشور راؤ، پارٹی کے ارکانِ پارلیمنٹ، سینئر پارٹی لیڈرس اور دوسروں نے اِس دھرنے میں حصہ لیا۔

## PENALITY

تلنگانہ رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھاریٹی (ٹی جی آر ای آر اے) نے ریرا کے قواعد کی خلاف ورزی پر حیدرآباد کے دو بلڈرس پر جرمانہ عائد کیا ہے۔ ٹی جی آر ای آر اے کے چیرمین ستیہ نارائنا نے ہریش پرانا وا بلڈرس، مادھا کو 7.68 لاکھ روپے جرمانہ ادا کرنے کی ہدایت دی ہے۔ یہ جرمانہ پانی بہنے کے معاملہ میں عائد کیا گیا ہے۔ ایک اور معاملہ میں تین افراد پر 21.01 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے جن میں نظام پیٹ کی کپسٹون پراپرٹیز، ضلع رنگاریڈی کی بی این آر ٹاؤن شپ اور بی سرینواس راؤ شامل ہیں۔ ان افراد پر اپنے رئیل اسٹیٹ پراجکٹ ویسلی میڈوس کو رجسٹر نہ کرانے پر جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔

## BRS

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے الیکشن کمیشن آف انڈیا سے مطالبہ کیا ہے کہ الکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے بجائے بیالٹ پیپر کے ذریعہ رائے دہی کے طریقہ کو دوبارہ شروع کیا جائے۔ الیکشن کمیشن سے نئی دہلی میں بات چیت کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ امریکہ، برطانیہ، جرمنی اور اٹلی جیسے کئی ترقیافتہ ممالک نے عوام کی ناراضگی کے پیش نظر ای وی ایم کا طریقہ برخواست کردیا ہے لہٰذا ہندوستان کو بھی اس بات کی تقلید کرنی چاہئے۔ کے ٹی آر نے بہار میں ووٹر لسٹ سے تقریباً 65 لاکھ نام ہٹادینے پر تشویش کا اظہار کیا۔

## GHMC

جی ایچ ایم سی نے اِس ماہ کی 15 اور 16 تاریخ کو تمام ذبح خانہ اور بیف کی دوکانات بند رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ یوم آزادی اور جنم اشٹمی کے پیش نظر یہ فیصلہ جی ایچ ایم سی حدود میں کیا گیا ہے۔ جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن نے ایک بیان میں تینوں پولیس کمشنریٹ سے خواہش کی کہ بیف کی دوکانات اور ذبح خانہ بند رہنے کے پیش نظر بلدی عہدیداروں کے ساتھ تعاون کیا جائے۔

## RICE AND PADDY EXPORT

فلپائن کے وزیر زراعت فرانسسکو تیولا وریل جونیر نے ریاستِ تلنگانہ میں چاول کے علاوہ دھان کی درآمد کیلئے مثبت ردِعمل ظاہر کیا ہے۔ سیول سپلائز کے ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے آج دہلی میں فلپائنی وزیر سے ملاقات کی۔ بعدازاں ایک سرکاری ریلیز میں کہا گیا کہ فلپائن کے وزیر نے یہ اشارہ دیا ہے کہ ان کے ملک کو چاول اور دھان کیلئے تقریباً 200 ملین ٹن درکار ہیں۔ فلپائن کے وزیر نے تلنگانہ سے مکئی کی درآمد کے امکانات کے تعلق سے بھی واقفیت حاصل کی۔

## BJP ASIFABAD

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ میں مبینہ بے قاعدگیوں پر سی بی آئی کے ذریعہ تحقیقات کرائے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔ آصف آباد میں منعقدہ پارٹی ورکرس کی ایک میٹنگ سے خطاب کے دوران رام چندر راؤ نے بے قاعدگیوں کے لئے وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ کو واحد ذمہ دار قرار دیا۔ رام چندر راؤ نے مزید کہا کہ جی او 49 کو منسوخ کرنے کیلئے ریاستی حکومت کی ذمہ داری ہے جیسا کہ اِس جی او کے تحت کوال اور تاڈوبا ٹائیگر ریزرو کو محفوظ مقامات میں تبدیل کیا جائے۔

JAISHANKAR

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی زیر قیادت تلنگانہ کے عوام نے ریاست کے فلاسفر پروفیسر جئے شنکر کو آج ان کے یوم پیدائش پر بھرپور خراج پیش کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پروفیسر جئے شنکر نے علیحدہ ریاست تلنگانہ کے حصول کی خاطر اپنی جان دے دی۔ مرکزی وزرا بشمول بنڈی سنجے، ریاستی وزرا نے اِس موقع پر انہیں بھرپور خراج ادا کیا۔ سابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ نے کہا ہے کہ پروفیسر جئے شنکر کو حقیقی خراج اسی وقت ممکن ہوگا جب ان کے بتائے ہوئے جوش وجذبہ کو برقرار رکھا جائے گا۔ تمام سرکاری دفاتر اور سیاسی جماعتوں کے دفاتر میں جئے شنکر کو یاد کیا گیا۔ اسی دوران انقلابی شاعر وٹھل راؤ کو بھی جنھیں غدر کے نام سے جانا جاتا ہے، آج یوم پیدائش پر یاد کیا گیا۔

WEATHER

محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے ریاست بھر میں آئندہ پانچ دن کے دوران چند مقامات پر شدید بارش کے علاوہ بونداباندی اور بجلیاں چمکنے کی وارننگ دیتے ہوئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔ عہدیداروں نے یہ بھی بتایا کہ کئی مقامات پر 30 تا 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل سکتی ہیں۔ اسی مدت کے دوران حیدرآباد اور آس پاس کے علاقوں میں بھی اوسط تا شدید بارش کا امکان ہے۔ اسی دوران کریم نگر، آصف آباد، نرمل، نظام آباد، اضلاع میں آج صبح سے 2 سنٹی میٹر سے زائد بارش ریکارڈ کی جاچکی ہے۔

PM - KARTAVVYA BHAWAN:

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ نوتعمیر شدہ کرتویا بھون سے نہ صرف حکومت کی پالیسیوں اور اسکیمات کو عمدگی کے ساتھ عوام تک پہنچانے میں مدد ملے گی بلکہ ملک کی ترقی کو ایک نئی جہت عطاء ہوگی۔ نئی دہلی کے کرتویا پارک میں اس عمارت کا افتتاح کرنے کے بعد مودی نے نئی عمارت اور اس کے احاطہ میں لگائے گئے پودوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ کرتویا بھون، حکومت کے عزائم کی ایک مثال ہے۔

ADD PCC BC QUOTA

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ بی آر ایس اور بی جے پی ایک دوسرے سے مل کر کام کر رہی ہے لہٰذا یہی وجہ ہے کہ جنتر منتر پر جاری دھرنا میں بی آر ایس نے شرکت نہیں کی۔ سی ایم نے یہ الزام بھی لگایا کہ بی جے پی اور مرکزی حکومت، صدر جمہوریہ کی جانب سے بی سی کوٹہ کی اجازت دینے کے معاملہ میں رکاوٹیں کھڑی کر رہی ہیں۔

SOUND BYTE CM

پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے آج الزام عائد کیا ہے کہ بی جے پی اپنی فرقہ وارانہ ذہنیت کے پیش نظر بی سی طبقات کو روکنے کی کوشش کررہی ہے۔سی ایم نے جنتر منتر پر جاریہ دھرنا کے دوران خطاب کرتے ہوئے بی جے پی کے ریاستی لیڈرس سے کہا کہ یوپی اور گجرات میں اقلیتوں کے تحفظات کا معائنہ کیا جائے۔ان کے مطابق سماج کے تمام طبقات بی سی تحفظات کیلئے کھڑے ہیں۔سی ایم نے اس بات کو بھی دہرایا کہ کانگریس پارٹی، بی سی طبقات کو 42 فیصد کوٹہ دیئے جانے تک کانگریس کوئی کسر نہیں چھوڑے گی۔اے آئی سی سی جنرل سکریٹری انچارج تلنگانہ میناکشی نٹراجن نے کہا کہ ریونت ریڈی تحفظات کے ذریعہ بی سی طبقات کو ان کے سماجی حقوق دے رہے ہیں۔

HUMAN RIGHTS

قومی حقوق انسانی کمیشن نے سندھیا تھیٹر بھگدڑ واقعہ میں ریاستی چیف سکریٹری اور حیدرآباد پولیس کمشنر کو نوٹسیں جاری کی ہیں۔اس واقعہ میں ایک خاتون ہلاک ہوگئی تھیں۔کمیشن نے ان سے کہا ہے کہ اس سلسلہ میں جاری تحقیقات کے تعلق سے رپورٹ 6 ہفتہ کے اندر داخل کی جائے۔

HANDLOOM

اس سال کیلئے باوقار ہینڈلوم ایوارڈس کل نئی دہلی میں پیش کئے جائیں گے۔تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے جی پون، ریشمی ساڑیوں کو رنگ کرنے کے فن کے سلسلہ میں قومی ایوارڈ حاصل کریں گے۔ اس کے علاوہ حیدرآباد سے تعلق رکھنے والی نرمدا نامی خاتون بھی مارکیٹنگ کیلئے ایوارڈ حاصل کریں گی۔اسی دوران ٹکسٹائلز کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ نے ہندوستانی ہینڈلوم کے شعبہ کے تعلق سے لکھی گئی ایک کتاب کا رسم اجرا انجام دیا۔

MOTHER'S MILK

ماؤں کے دودھ کے عالمی ہفتہ کے پیش نظر ریاست کے مختلف اضلاع میں شعور بیداری پروگرام کا انعقاد عمل میں آیا۔ضلع کے عہدیدار، پراجکٹ ڈائرکٹر اور آنگن واڑی ٹیچرس ماں بننے والی خواتین اور دیگر عورتوں کو بچوں کو ماں کے دودھ کی اہمیت سے واقف کروارہے ہیں۔ملگو کی سی ڈی پی او شریشا نے نومولود بچوں کو تغذیہ کی ضرورت کے تعلق سے اظہار خیال کیا۔

SOUND BYTE - SHIREESHA

راجنا سرسلہ کے موضع سنگولا میں ایک آنگن واڑی ٹیچر نے نومولود بچوں کو ماں کے دودھ سے ملنے والی خود مدافعت کے بارے میں بات کی۔

SOUND BYTE - AYESHA

BJP DK ARUNA

بی جے پی کی نائب صدر ڈی کے ارونا نے آج کانگریس پارٹی پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ کاماریڈی اعلامیہ کے ذریعہ 42 فیصد تحفظات کے نام پر عوام کو گمراہ کررہی ہے۔انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی بی جے پی پر الزام لگارہے ہیں جبکہ کانگریس پارٹی، بی سی کوٹہ کے تعلق سے کئے گئے وعدہ کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔

SOUND BYTE - DK ARUNA

DEMISE:

انفورمیشن سرویس کے ریٹائرڈ آفیسر ڈاکٹر سدھاکر آج دوپہر وشاکھاپٹنم میں چل بسے۔ وہ 65 سال کے تھے۔ انہوں نے پی آئی بی، آکاش وانی، دوردرشن اور یوجنا کے لئے خدمات انجام دیں۔آخری رسومات کل وشاکھاپٹنم میں انجام دی جائے گی۔

OO